This Question Paper contains 12 Printed Pages.

**21U(A)**

# SOCIAL STUDIES, Paper - I

*(Urdu and English versions)*

**Parts A and B**

*Time : 2 hours 45 min.]* *[Maximum Marks : 40*

***Instructions :***

1. 15 minutes are allocated to read the question paper and 2 hrs. 30 min. are allocated to write answers.
2. **Part-A** must be answered in a separate answer sheet.
3. Students can take **Part-A** (Question Paper) with them.
4. Map of (**India**) and **Part-B** (Bit Paper) should be attached to the answer sheet and should be handed over to the invigilator.

---

## Part-A

***Time : 2 hours*** ***Marks : 30***

## سیکشن - I

ClassResult.in

نوٹ : (i) تمام 4 سوالات کے جواب لکھئے۔ 4×1=4

(ii) ہر سوال کے لئے 1 نشان ہے۔

1. ماحولیات کا تحفظ پر کوئی دو نعرے (slogans) لکھئے۔

2. W.T.O. کی وسعت لکھئے۔

3. ترقی کے پس منظر میں، دو اشخاص یا اشخاص کے گروہوں کے درمیان متنازعہ اشیاء کی دستیابی کا امکان ہو سکتا ہے۔ اس کے لئے ایک مثال دیجئے۔

4. بہار عرب (Arab spring) کیا ہے؟

## سیکشن - II


نوٹ : (i) تمام 5 سوالات کے جواب دیجیے۔ **5×2=10**

(ii) ہر سوال کے لئے 2 نشانات ہیں۔

5. ماحولیاتی کارکردگی کے اصل ذرائع (Source function) اور غرق منصبی (Sink function) کے درمیان فرق بتایئے۔


6. مسلسل قحط زدہ سالوں میں بھی ہیوارے بازار میں پینے کے پانی کی قلت کبھی بھی نہیں ہوئی تھی۔ اس کی وجوہات کیا ہیں؟

7. نیچے دی گئی انفارمیشن کا مطالعہ کریں اور اپنے مشاہدات لکھیے۔




ClassResult.in

**8.** نیچے دیے گئے نقشہ کا مشاہدہ کریں اور ذیل کے سوالات کے جواب دیجئے۔




India - north-south, east-west extent and standard meridian

ClassResult.in

(a) انڈیا کے آخری مغربی پوائنٹس اور مشرقی پوائنٹس کا درمیانی فاصلہ کیا ہے؟

(b) کوئی بھی دو ملکوں کے نام جن کی سرحدیں انڈیا سے لگی ہوئی ہیں؟

**9.** کیسے قدرتی وسائل کا تیزی سے استخراج مستقبل کی ترقی کی پیش قیاسی کو متاثر کرے گا؟ بیان کیجئے۔

## سیکشن - III

نوٹ : (i) ذیل کے تمام سوالات کے جواب دیجیے۔

(ii) ہر سوال کے لئے 4 نشانات ہیں۔

(iii) ہر سوال کے ایک اندرونی انتخاب ہے۔

4×4=16

.10 (A) مشرقی گھاٹ اور مغربی گھاٹ کے درمیانی فرق کو بیان کیجیے۔

یا

(B) "عوامی تقسیمی نظام (PDS) عوام تک سہولیات سے غذائی اجناس کی فراہمی کو یقینی بنا سکتا ہے" تشریح کیجیے۔

.11 (A) نیچے دیے گئے پیراگراف کو پڑھیے اور اس پر تبصرہ کیجیے۔

عالمیانہ کے فوائد کو نامساوی طور پر تقسیم کیا گیا ہے۔ اس نے اچھی حالت والے صارفین اور مہارت رکھنے والے پیدا کنندے، تعلیم یافتہ اور دولت مند افراد کو فائدہ پہونچایا۔ تھوڑی سی خدمات جو فنی مہارت سے لیس تھیں ان کو وسعت دی گئیں۔ دوسری طرف ہزارہا چھوٹے پیدا کنندے اور کام کرنے والوں نے اپنے روزگار اور حقوق کو گھٹتے ہوئے دیکھا۔ یہ اہم بات ہے کہ عالمیانے کے دورُخی خاصیتوں کو سمجھنا ضروری ہے۔

یا

(B) منظم شعبہ نوکریوں کا پیش کش بہت ہی سوچ بچار کے بعد کرتا ہے مگر منظم شعبہ میں روزگار کے مواقع بہت ہی کم رفتار میں پھیل رہے ہیں جس کے نتیجہ میں بہت سے کامگار غیر منظم شعبہ میں داخل ہونے پر مجبور ہیں جہاں بہت کم تنخواہ دی جاتی ہے۔

Q. کیا آپ یہ سوچتے ہیں کہ منظم شعبہ ہی بہ نسبت غیر منظم شعبہ کے بہتر ہے؟ آپ کا نظریہ دیں۔

ClassResult.in

12. (A) جدول کا مشاہدہ کریں اور ذیل کے سوالات کے جواب دیں۔

انڈیا اور اس کے پڑوسیوں سے متعلق چند تفصیلات برائے 2013

| ملک | فی کس آمدنی ڈالر میں | متوقع عرصۂ حیات (سالوں میں) | اوسط اسکولی تعلیم مدت سالوں میں | متوقع اسکولی تعلیم کی مدت سالوں میں | انسانی ترقی اشاریہ (HDI) کا درجہ دنیا میں |
|---|---|---|---|---|---|
| سری لنکا | 5170 | 75.1 | 9.3 | 12.7 | 92 |
| انڈیا | 3285 | 65.8 | 4.4 | 10.7 | 136 |
| پاکستان | 2566 | 65.7 | 4.9 | 7.3 | 146 |
| میانمار | 1817 | 65.7 | 3.9 | 9.4 | 149 |
| بنگلہ دیش | 1785 | 69.2 | 4.8 | 8.1 | 146 |
| نیپال | 1137 | 69.1 | 3.2 | 8.9 | 157 |

(1) کونسا ملک HDI امور میں انڈیا سے آگے کھڑا ہے؟

(2) انسانی ترقی اشاریہ (HDI) بنانے میں کون سے پہلوؤں کو ذہن میں رکھا گیا ہے، ان کی نشاندہی کیجئے۔

(3) اس ملک کا نام جو کمترین فی کس آمدنی رکھتا ہے؟

(4) HDI میں انڈیا کے درجہ کی ترقی کے واسطے 2 تجاویز دیں۔

ClassResult.in

یا

(B) نیچے دیئے گئے انفارمیشن کو بار گراف پر پلاٹ کریں۔ اپنا مشاہدہ لکھیں۔

جدول: انڈیا کی آبادی: جنسی تناسب 1951-2011

| سلسلہ نشان | سال | فی ہزار مردوں کے واسطے عورتوں کی تعداد |
|---|---|---|
| .1 | 1951 | 946 |
| .2 | 1961 | 941 |
| .3 | 1971 | 930 |
| .4 | 1981 | 934 |
| .5 | 1991 | 929 |
| .6 | 2001 | 933 |
| .7 | 2011 | 943 |

.13 (A) انڈیا کے دیئے گئے آؤٹ لائن نقشہ میں ذیل کے مقامات کی نشاندہی کریں۔

(1) ماؤنٹ ایورسٹ

(2) منی پور

(3) مالوہ سطح مرتفع

(4) لکشادیپ

یا

(B) (1) دریا جو تھار ریگستان میں بہتی ہے۔

(2) سطح مرتفع دکن کی جنوبی سرحدیں۔

(3) ریاست جو سب سے کم کثافت آبادی رکھتی ہے۔

(4) عرض البلد جو انڈیا کو دو برابر حصوں (halves) میں منقسم کرتا ہے۔

---

ClassResult.in

This Question Paper contains 8 Printed Pages.

**21U(B)**

# SOCIAL STUDIES, Paper - I

*(Urdu and English version)*

**Parts A and B**

***Time : 2 hrs. 45 min.]*** ***[Maximum Marks : 40***

***Instruction :*** *Write the answers to the questions in this* ***Part-B*** *on the Questionpaper itself and attach it to the answer book of* ***Part-A.***

---

**Part-B**

***Time : 30 minutes*** ***Marks : 10***

## سیکشن - IV

نوٹ : (1) ذیل کے سوالات کے صحیح جواب کے حرف A, B, C, D کو بازو میں دیے گئے قوس میں لکھیے۔ **20×½ =10**

(2) ہر سوال کے لئے ½ نشان ہے۔

ClassResult.in

(3) تمام سوالات کے جواب لکھیے۔

(4) جوابات پرچہ سوال پر ہی لکھے جائیں۔

(5) مکرر لکھنا دوبارہ لکھنا یا مٹا کر لکھنا ان جوابات کو نشانات نہیں دیے جائیں گے۔

**14.** کتاب "Silent Spring" (خاموش بہار) کے مصنف؟ [ ]

(A) ریچل کارسن (B) اروندھتی رائے

(C) میدھا پاٹکر (D) کوئی بھی نہیں

**15.** کونسا آرٹیکل "زندگی کا حق" فراہم کرتا ہے۔ [ ]

(A) آرٹیکل 21 (B) آرٹیکل 22

(C) آرٹیکل 23 (D) آرٹیکل 24

16. دریائے کرشنا کا منبع : [ ]

(A) ٹرامبک (B) مہابلیشور

(C) امرکنٹک (D) ملتائی

17. یہ خاص سال کے دوران ملک میں پیدا کی گئی اشیاء اور خدمات کی جملہ مالیت : [ ]

(A) GDP (B) NDP

(C) GNP (D) NNP

18. کونسا ساحل جنوب مغربی مانسون کے دوران کم بارش حاصل کرتا ہے؟ [ ]

(A) ہرکار ساحل (B) کورومنڈل ساحل

(C) اتکل ساحل (D) کنارا ساحل

19. انڈیا میں سب سے پہلی مردم شماری کی گئی تھی....... [ ]

(A) 1872 (B) 1772

(C) 1820 (D) 1773

ClassResult.in

20. انڈیا میں Liberalisation / آزادانہ کب شروع کیا گیا تھا....... [ ]

(A) 1991 (B) 2000

(C) 1981 (D) 2001

21. ایک غار بھیم بیٹکا جو ابتدائی انسانوں کے زیر استعمال تھا۔ اس ریاست میں واقع تھا : [ ]

(A) مدھیہ پردیش (B) کرناٹک

(C) کیرالا (D) مہاراشٹرا

22. پہلی ریاست جس نے دوپہر کھانے کی اسکیم نافذ کی تھی : [ ]

(A) آندھرا پردیش (B) کرناٹک

(C) تاملناڈو (D) کیرالا

23. ذیل کے بیانات پر متوجہ ہوں : [ ]

(1) انڈیا میں سکم پہلی ریاست ہے جس نے نامیاتی کاشت کاری کو مکمل طور پر شفٹ کرنے کا منصوبہ بنایا تھا۔

(2) اتراکھنڈ بھی اسی راستہ پر 100% نامیاتی ریاست بننے کا عمل کر رہا ہے۔

مندرجہ بالا کونسے بیانات صحیح ہے / ہیں ؟

(A) صرف (1) (B) صرف (2)

(C) دونوں (1) اور (2) (D) دونوں بھی نہیں

24. نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف نیوٹریشن یہاں واقع ہے...... [ ]

(A) چینائی (B) حیدرآباد

(C) ممبئی (D) دہلی

25. موسم سرما کی فصل کہلاتی ہے......... [ ]

(A) خریف (B) ربیع

(C) زاید (D) کوئی بھی نہیں

ClassResult.in

26. دریا جو بطور پدما (Padma) بنگلہ دیش میں کہلاتی ہے۔ [ ]

(A) گنگا (B) انڈس (سندھ)

(C) برہماپترا (D) ستلج

27. ذیل میں کونسا پانی کے تحفظ میں مدد دیتا ہے ؟ [ ]

(A) زراعت و آب پاشی کے لئے کھودے جانے والے بور ویلس بغیر اجازت کے نہ بنائے جائیں۔

(B) بہت زیادہ پانی سے اگنے والی فصلیں جیسے گنے کی کاشت کو اگانا نہیں چاہیے۔

(C) پینے کے پانی اور آب پاشی کے پانی کا سمجھداری سے استعمال کیا جائے۔

(D) اوپر کے تمام

28. ذیل میں کونسا بیان انڈیا میں خدماتی شعبہ کے پس منظر میں صحیح ہے؟ [ ]

(A) خدماتی شعبہ کی ترقی کے دوران تمام خدماتی شعبہ کی مشغولیات کو مساویانہ طریقہ سے بہتر طور پر ترقی دینا۔

(B) خدماتی شعبہ کی ترقی کے دوران تمام خدماتی شعبہ کی مشغولیات کا مساویانہ طریقہ سے بہتر طور پر ترقی نہیں دینا۔

(C) خدماتی شعبہ صرف اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد کے لئے ہی روزگار فراہم کرتا ہے۔

(D) خدماتی شعبہ کا شعبہ جاتی G.D.P. میں بہت ہی کم ہے۔

29. کولو اور کانگرا وادیاں ان رینجس میں موجود ہیں۔ [ ]

(A) عظیم ہمالیہ (B) ذیلی ہمالیہ

(C) شیوالک (D) سہیادری

30. Mawkdok Dympep وادی واقع ہے............ [ ]

(A) اروناچل پردیش (B) سکم

(C) میگھالیہ (D) آندھرا پردیش

31. ریاست جہاں پر اسکولنگ کا انقلاب واقع ہوا: [ ]

(A) آسام (Asom) (B) ہماچل پردیش

ClassResult.in

(C) سکم (D) تاملناڈو

32. ذیل کے بیانات پر متوجہ ہوں: [ ]

(1) عالمی حدت کے اسباب کی ایک وجہ انسانی سرگرمیاں ہیں۔

(2) آب و ہوا میں تبدیلی عالمی سطح پر واقع ہوتی ہے۔

اوپر کا کونسا بیانات صحیح ہے / ہیں؟

(A) صرف (1) (B) صرف (2)

(C) (1) اور (2) دونوں (D) دونوں بھی نہیں

33. ذیل میں کونسا مادی سرمایہ نہیں ہے؟ [ ]

(A) ٹولس / آلات (B) مشینیں

(C) بلڈنگس / عمارتیں (D) تنخواہیں اور مزدوریاں